e-paper www.avadhnama.com
Postal Registration No. GPOLW/MP-50/2012-14• RNI No. UPURD/2001/6110
LUCKNOW
روزنامہ
اودھ نامہ
avadhnama
Rs.3/- Vol- 24 , Issue, 213 Wednesday , May 07 2025 Pages -8
قیمت ۳/روپیہ جلد نمبر(۲۴) شمارہ نمبر(۲۱۳) لکھنؤ، بروز بدھ ۷-مئی ۲۰۲۵ء، مطابق ۸/ذی القعدہ -۱۴۴۶ھ صفحات-۸

### 'پنجاب اور ہریانہ ایس وائی ایل نہر تنازع کا خوشگوار حل نکالیں'

نئی دہلی: سپریم کورٹ میں منگل کو پنجاب اور ہریانہ کے درمیان جاری ستلج-یمنا لنک (ایس وائی ایل) نہر تنازع پر سماعت ہوئی۔ عدالت نے دونوں ریاستوں سے کہا کہ وہ اس مسئلے کا خوشگوار حل نکالنے کے لیے مرکز کے تعاون سے کام کریں، بصورت دیگر عدالت خود فیصلہ سنائے گی۔ سپریم کورٹ کی بنچ نے واضح کیا کہ اگر دونوں ریاستیں حل پر متفق نہ ہو سکیں تو 13 اگست کو عدالت اس تنازع پر حتمی سماعت کرے گا۔ سماعت کے دوران مرکز کی نمائندگی کرتے ہوئے ایڈیشنل سالیسٹر جنرل (اے ایس جی) نے عدالت کو بتایا کہ مرکزی وزیر جل شکتی نے ریاستوں کے درمیان بات چیت کے لیے ایک کمیٹی تشکیل دی ہے، جس کی صدارت دونوں ریاستوں کے چیف سیکریٹریز کر رہے ہیں۔ مرکز کی جانب سے بتایا گیا کہ اس حوالے سے ایک اضافی حلف نامہ بھی یکم اپریل 2025 کو جمع کرایا گیا ہے۔

### پونچھ کے مینڈھر علاقے میں سڑک حادثہ، 4 جوانوں کی موت

جموں۔(یو این آئی) جموں وکشمیر کے ضلع پونچھ کے مینڈھر علاقے میں منگل کی صبح ایک مسافر بردار بس گہری کھائی میں جا گرنے سے جاں بحق ہونے والوں کی تعداد بڑھ کر 4 ہو گئی ہے جبکہ 44 افراد زخمی ہو گئے۔ ذرائع نے بتایا کہ پونچھ کے مینڈھر علاقے میں منگل کی صبح قریب ساڑھے نو بجے ایک مسافر بردار گاڑی زیر رجسٹریشن نمبر 1671JK02X ڈرائیور کے کنٹرول سے باہر ہو کر گہری کھائی میں جا گری۔ انہوں نے کہا کہ حادثہ پیش آنے کے بعد پولیس، فوج اور مقامی لوگ جائے موقع پر پہنچے اور بچاؤ کارروائیاں شروع کیں۔ ذرائع کے مطابق اس حادثے میں 4 افراد جاں بحق جبکہ 44 افراد زخمی ہوئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ زخمیوں کو علاج و معالجے کے لئے نزدیکی ہسپتال منتقل کیا گیا ہے۔ دریں اثنا پولیس نے اس ضمن میں کیس درج کر کے تحقیقات شروع کی ہیں۔

# ملک بھر میں ماک ڈرل آج، 'بلیک آؤٹ' بھی ہوگا

## ہندوستان اور پاکستان کشیدگی کے درمیان حملے سے بچنے کی تیاریاں، سائرن بجیں گے، بجلی منقطع ہوگی، 1971 کے بعد پہلی بار اتنے بڑے پیمانے پر ماک ڈرل کا انعقاد ہوگا



نئی دہلی۔ ہندوستان اور پاکستان کے درمیان بڑھتی کشیدگی نے دونوں ممالک کی عوام کو بھی خوف میں ڈال دیا ہے۔ ہندوستان میں تو 7 مئی کو ہونے والی ماک ڈرل کی تیاریاں آج سے ہی شروع ہو گئی ہیں۔ مرکزی وزارت داخلہ کی ہدایت پر بدھ کو مختلف ریاستوں میں ہونے والی سول ڈیفنس ماک ڈرل سے پہلے منگل کو یہاں مرکزی داخلہ سکریٹری گووند موہن نے ریاستوں کے چیف سکریٹریوں کے ساتھ میٹنگ کی اور 244 سول ڈیفنس ڈسٹرکٹ میں مشق کی تیاریوں پر تبادلہ خیال کیا یہ میٹنگ صبح ویڈیو کانفرنس کے ذریعے نارتھ بلاک میں ہوئی جس میں مرکزی داخلہ سکریٹری کے ساتھ سول ڈیفنس کے ڈائریکٹر جنرل اور نیشنل ڈیزاسٹر ریسپانس فورس کے ڈائریکٹر جنرل سمیت کئی سینئر افسران نے شرکت کی۔ ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے چیف سکریٹریز ویڈیو کانفرنس کے ذریعے میٹنگ میں شامل ہوئے۔ میٹنگ میں چیف سکریٹریز سے کہا گیا ہے کہ وہ تمام ضلعی عہدیداروں کے ساتھ میٹنگ کریں اور ماک ڈرل کی تیاریوں کو حتمی شکل دیں۔ چیف سکریٹریوں سے کہا گیا ہے کہ وہ کل 244 میں سے 100 حساس ترین اضلاع پر خصوصی توجہ دیں۔ ان میں دہلی اور ممبئی جیسے میٹروپولیٹن شہر کے ساتھ ساتھ پرہجوم علاقے اور جوہری اور فوجی تنصیبات والے علاقے بھی شامل ہیں۔ یہ ماک ڈرل خاص طور پر پنجاب، جموں وکشمیر، راجستھان، مغربی بنگال، شمال مشرقی ریاستوں اور دیگر سرحدی علاقوں میں کی جائیں گی۔

پاکستان کے ساتھ 1971 کی جنگ کے بعد پہلی بار ملک میں اتنے بڑے پیمانے پر ماک ڈرل کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ اس کا بنیادی مقصد کسی بھی حملے کی صورت میں لوگوں کی حفاظت اور بچاؤ کی تیاریوں کو مضبوط بنانا اور کسی بھی ہنگامی صورتحال کے لیے لوگوں کو تیار کرنا ہے۔ حملے کے دوران سائرن بجنے اور بلیک آؤٹ کے بارے میں لوگوں کو آگاہ کیا جائے گا۔ اس کے ساتھ لوگوں کو محفوظ مقامات پر لے جانے کے لیے دیگر مشقیں بھی کی جائیں گی۔ اس دوران حملے کے دوران اہم تنصیبات کو کسی نہ کسی طرح ڈھانپنے جیسی مشقیں بھی کی جائیں گی تا کہ دشمن کو الجھایا جا سکے۔

یہ ماک ڈرل ہندوستانی فوج کے ساتھ ساتھ ہندوستانی عوام کے لیے بھی بہت اہم ہے۔ اس ماک ڈرل کے دوران عوام کو کچھ باتوں کا خاص خیال رکھنا ہوگا، اور اس بارے میں ضروری جانکاریاں فراہم کی جائیں گی۔ 22 اپریل کو پہلگام میں دہشت گردانہ حملے کے بعد پاکستان سے بڑھتی کشیدگی کو پیش نظر رکھتے ہوئے مرکزی وزارت داخلہ نے ماک ڈرل کرانے کا فیصلہ لیا ہے۔ ماک ڈرل کے دوران شہریوں کو ہوائی حملے سے بچنے کے طریقے بتائے جائیں گے۔ جب ماک ڈرل ہوگا تو سائرن بھی بجیں گے جو عوام کو محتاط کرنے کے لیے ہوگا۔

مرکزی حکومت نے ماک ڈرل میں حصہ لینے والی سبھی ریاستوں کو اپنی ایگزٹ پالیسیوں میں ترمیم کرنے اور یہ یقینی بنانے کی ہدایت دی ہے کہ مکمل پریکٹس پوری صلاحیت کے ساتھ کی جائے۔ ماک ڈرل کے دوران اختیار کیے جانے والے طریقوں میں ہوائی حملے کی تنبیہ دینے والے سائرن کا بجنا اور شہریوں کو کسی بھی حملے کی حالت میں خود کو بچانے کے لیے حفاظتی پہلوؤں پر تربیت دینا شامل ہے۔

دیگر ترکیبوں میں حادثہ کی حالت میں بلیک آؤٹ کے طریقے، اہم پلانٹس اور اداروں کی حفاظت اور ایگزٹ منصوبوں کو اپڈیٹ کرنے اور پریکٹس کرنے کے التزامات شامل ہیں۔ ماک ڈرل سے ایک دن قبل، یعنی منگل کے روز وزارت داخلہ کی میٹنگ ہوئی، جس میں اس بات کا تجزیہ ہوا کہ لوگوں کو کس طرح ٹریننگ دینی ہے۔ موصولہ اطلاع کے مطابق ماک ڈرل میں کچھ خاص باتوں پر توجہ دی جائے گی، مثلاً ایئر ریڈ سائرن کو فالو کیسے کریں، بلیک آؤٹ سچویشن میں کیا کریں، فرسٹ ایڈ کی تیاری، ٹارچ گھر میں ہو، موم بتی ضرور رکھیں، الیکٹرک فیلیئر کی حالت سے بچنے کے لیے نقد رکھیں۔ ماک ڈرل کے دوران کئی ایسی باتیں ہوں گی، جس کے بارے میں عوام کو جانکاری رکھنی چاہیے۔ ماک ڈرل میں ہوائی حملے کے اشارے دینے والے سائرن بجیں گے، عام شہریوں کو ٹریننگ دی جائے گی، شہروں میں اچانک بجلی بند ہو جائے گی، فوجی ٹھکانوں اور پاور پلانٹس جیسے اہم مقامات کو چھپایا جائے گا۔ ماک ڈرل کے دوران کچھ باتوں سے عوام کو پرہیز کرنے کی بھی ضرورت ہے۔ ہوائی حملے سے متعلق الرٹ کے دوران باہر یا کھڑکیوں کے پاس جانے سے بچیں۔ اس کی جگہ گھر کے اندر رہیں۔ گھروں کی لائٹ کو بند کر دیں۔ سبھی دروازے اور کھڑکیاں بند کرنا اور ہدایات کے لیے ریڈیو یا ٹی وی دیکھ کر خود کو الرٹ رکھنا بھی اہم ہے۔ اگر آپ سائرن سنتے ہیں تو ضروری احتیاط برتیں۔

# ہندوستان اور برطانیہ کے درمیان تجارتی معاہدہ طے

## پی ایم مودی اور پی ایم اسٹارمر کا معاہدے پر خوشی کا اظہار



نئی دہلی (یو این آئی) وزیراعظم نریندر مودی اور برطانیہ کے وزیر اعظم کیر اسٹارمر نے ہندوستان اور برطانیہ کے درمیان باہمی طور پر فائدہ مند آزاد تجارت معاہدے (ایف ٹی اے) کے مکمل ہونے پر آج خوشی کا اظہار کیا اور دو طرفہ اسٹریٹجک شراکت داری کو نئی بلندیوں تک لے جانے کی خواہش ظاہر کی۔ مسٹر مودی اور مسٹر اسٹارمر نے آج ٹیلی فون پر بات چیت کی۔ دونوں رہنماؤں نے دوہرے تعاون کے کنونشن کے ساتھ ساتھ ایک جرأت مندانہ اور ہندوستان-برطانیہ دونوں کے لئے فائدہ مند آزاد تجارتی معاہدہ ہونے کا خیر مقدم کیا۔ ان رہنماؤں نے اسے دو طرفہ جامع اسٹریٹجک شراکت داری میں ایک تاریخی سنگ میل قرار دیا جس سے دونوں معیشتوں میں تجارت، سرمایہ کاری، اختراع اور روزگار کے مواقع کو فروغ ملے گا۔ دونوں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ دنیا کے دو کھلے بازاروں کی عظیم معیشتوں کے درمیان تاریخی معاہدوں سے کمپنیوں کے لیے نئے مواقع فراہم ہوں گے، اقتصادی تعلقات مضبوط ہوں گے اور لوگوں کے درمیان تعلقات مزید گہرے ہوں گے۔ وزیر اعظم اسٹارمر نے کہا کہ اتحاد کو مضبوط بنانا اور دنیا بھر کی معیشتوں کے ساتھ تجارتی رکاوٹوں کو کم کرنا ان کے مضبوط اور محفوظ معیشت میں تبدیلی کے منصوبے کا حصہ ہے۔ دونوں رہنماؤں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ ہندوستان اور برطانیہ کے درمیان اقتصادی اور تجارتی تعلقات کی توسیع مزید شراکت داری کی مضبوط اور کثیر جہتی بنیاد بنی رہے گی۔ ایک متوازن، مساوی اور جرأت مندانہ ایف ٹی اے ہونے سے، جس میں اشیا اور خدمات کی تجارت کا احاطہ کیا گیا ہے، توقع کی جاتی ہے کہ اس سے دو طرفہ تجارت میں نمایاں بہتری آئے گی، روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے، معیاری زندگی میں اضافہ ہوگا اور دونوں ممالک کے شہریوں کی عمومی فلاح و بہبود میں بہتری آئے گی۔ اس سے دونوں ممالک کے لیے امکانات کو بروئے کار لانے کا بھی موقع ملے گا تا کہ عالمی منڈیوں کے لیے مصنوعات اور خدمات کی تیاری مشترکہ طور پر کی جائے۔ یہ معاہدہ ہندوستان-یو کے جامع اسٹریٹجک شراکت داری کی مضبوط بنیادوں کو مستحکم کرتا ہے اور تعاون اور خوشحالی کے ایک نئے دور کی راہ ہموار کرتا ہے۔ وزیر اعظم مودی نے وزیر اعظم اسٹارمر کو ہندوستان آنے کی دعوت دی۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان رابطہ برقرار رکھے جانے پر اتفاق ہوا۔

### ہندوستان اور آسٹریلیا نے جامع اسٹریٹجک شراکت داری کو مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا

نئی دہلی۔(یو این آئی) ہندوستان اور آسٹریلیا نے دونوں ممالک کے درمیان جامع اسٹریٹجک پارٹنرشپ (سی ایس پی) کو مضبوط بنانے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ وزیر اعظم کے دفتر نے منگل کو یہاں کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے آسٹریلیا کے وزیر اعظم انتھونی البانیس سے ٹیلی فون پر بات کی اور انہیں آسٹریلیا کے 32 ویں وزیر اعظم کے طور پر تاریخی طور پر دوبارہ انتخاب پر مبارکباد دی۔ دونوں وزرائے اعظم نے دونوں ممالک کے درمیان جامع اسٹریٹجک پارٹنرشپ (سی ایس پی) کو مضبوط بنانے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ پانچ سالوں کے دوران سی ایس پی نے مختلف شعبوں میں مضبوط تعاون کو فروغ دیا ہے۔ انہوں نے دو طرفہ تعلقات کو مضبوط بنانے میں ہندوستانی نژاد تارکین وطن کے کردار پر زور دیا۔

### ہند-پاک کشیدگی: رام بن میں بگلیہار ڈیم کے گیٹ بند

#### چناب میں پانی کی سطح میں نمایاں کمی، پانی بحران کو لیکر پاکستان میں لوگ خوفزدہ

نئی دہلی (ایجنسی) ہندوستان کے ذریعہ جموں وکشمیر کے بگلیہار اور سیال ڈیم کے دروازے بند کیا جانا، پاکستان کے لیے مشکلات پیدا کر رہا ہے۔ چناب ندی کا آبی سطح تیزی کے ساتھ گھٹ رہا ہے۔ ہندوستان سے پاکستان کی طرف جانے والا پانی جب سے رکا ہے، چناب میں پانی کی سطح 22 فیٹ سے گھٹ کر 15 فیٹ پر پہنچ گئی ہے۔ محض 24 گھنٹے میں پانی کی سطح 7 فیٹ تک نیچے چلی گئی ہے، جس نے پنجاب کے 24 شہروں اور 3 کروڑ سے زیادہ آبادی کے لیے پانی بحران کی گھنٹی بجا دی ہے۔ اس پانی بحران کے درمیان پاکستان کا شہر راولپنڈی ابھی سے پریشانیوں میں مبتلا ہو گیا ہے۔ یہ شہر پہلے سے ہی آبی بحران کا سامنا کر رہا تھا، اور اب تو وہاں ایمرجنسی کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ لوگوں میں خوف کا ماحول ہے، کیونکہ آنے والے دنوں میں بھی حالات بہتر ہوتے دکھائی نہیں دے رہے ہیں۔ پاکستان کی واٹر اینڈ سینٹیلیشن ایجنسی (ڈبلیو اے ایس اے) کے مطابق خان پور ڈیم میں صرف ایک ماہ کا اور راول ڈیم میں 3 ماہ کا پانی بچا ہے۔ لگاتار خشک سالی اور بے حد کم بارش کی وجہ سے شہر کے یہ دو بڑے آبی ذخائر تیزی سے خشک ہوتے جا رہے ہیں۔ راولپنڈی میں پانی کی روزانہ طلب 50 ملین گیلن ہے، جبکہ ڈبلیو اے ایس اے صرف 30 ملین گیلن پانی ہی سپلائی کر پا رہا ہے۔ یعنی شہر ہر دن 20 ملین گیلن کی قلت برداشت کر رہا ہے۔ حالات ایسے ہو گئے ہیں کہ ٹیوب ویل اور متبادل آبی ذرائع پر انحصار بڑھتا جا رہا ہے۔ پاکستانی افسران کا کہنا ہے کہ صرف خشک سالی ہی نہیں ہے، بلکہ تیزی سے بڑھتی آبادی اور کاروباری سرگرمیاں بھی آبی بحران کو مزید بڑھا رہی ہیں۔ آبی وسائل پر بوجھ اس قدر بڑھ گیا ہے کہ ڈبلیو اے ایس اے کو اب پانی کی بربادی پر سختی کرنی پڑ رہی ہے۔ ڈبلیو اے ایس اے نے کہا ہے کہ غیر ضروری پانی کے خرچ پر قانونی کارروائی کی جائے گی۔ راولپنڈی اور اسلام آباد کے شہریوں سے فوراً آبی تحفظ کے طریقے اختیار کرنے کی اپیل کی گئی ہے۔ افسران کے ذریعہ عوام کو کئی طرح کے مشورے دیے گئے ہیں، جن میں نل اور پائپ کی لیکیج کو فوراً ٹھیک کرنا شامل ہے۔

### ڈوبھال نے پی ایم مودی کو سیکورٹی تیاریوں کے بارے میں آگاہ کیا

نئی دہلی۔(یو این آئی) قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال نے پہلگام دہشت گردانہ حملے کے بعد پاکستان کے ساتھ بڑھتی ہوئی کشیدگی کے درمیان منگل کو یہاں وزیر اعظم نریندر مودی سے ملاقات کی اور انہیں موجودہ تیاریوں اور صورتحال سے آگاہ کیا وزیر اعظم کے ساتھ مسٹر ڈوبھال کی یہ دوسری ملاقات تقریباً 40 منٹ تک جاری رہی یہ میٹنگ اس لیے اہمیت رکھتی ہے کیونکہ یہ مرکزی وزارت داخلہ کی طرف سے ریاستی حکومتوں کو کسی حملے کی صورت میں موثر دفاعی اقدامات کو یقینی بنانے کے لیے ماک حفاظتی مشقیں کرنے کی ہدایت کے ایک دن بعد ہوئی ہے۔ مسٹر ڈوبھال اور مرکزی داخلہ سکریٹری گووند موہن نے بھی پیر کو بھی وزیر اعظم سے ملاقات کی تھی اور انہیں 22 اپریل کو پہلگام دہشت گردانہ حملے کے بعد سیکورٹی کی صورتحال سے آگاہ کیا تھا۔ اس حملے میں 26 سیاح مارے گئے تھے۔ وزیر اعظم نے گزشتہ چند دنوں میں آرمی، بحریہ اور فضائیہ کے سربراہان سے کئی ملاقاتیں کی ہیں۔ انہوں نے مرکزی کابینہ کی سیکورٹی امور کمیٹی کے ارکان کے ساتھ بھی ملاقاتیں کی ہیں۔

## یوپی کابینہ کے 11 اہم فیصلے

# پارکنگ کیلئے نئے قوانین، نئی ٹرانسفر پالیسی منظور

## پرائیویٹ کمپنی سے 25 سال تک سستے دام پر بجلی خریدے گی ریاستی حکومت



لکھنؤ۔ یوپی کابینہ کی آج ایک اہم میٹنگ ہوئی۔ میٹنگ کے بعد منعقدہ پریس کانفرنس میں وزیر سریش کھنہ نے اس میٹنگ کے اہم فیصلوں کے بارے میں جانکاری دی۔ کابینہ کے فیصلوں میں ریاست میں پارکنگ کی جگہ کا فیصلہ کرنے پر بات چیت ہوئی۔ کابینہ نے فیصلہ کیا کہ اتر پردیش کے تمام میونسپل کارپوریشنوں میں یکساں پارکنگ قوانین لاگو کیے جائیں گے۔ اس کے ساتھ ہی ریاست میں ملازمین کے تبادلے کے لیے نئے قوانین کا اعلان کیا گیا۔ اس میٹنگ میں نئی ٹرانسفر پالیسی کی منظوری دی گئی۔ اب ریاست کے تمام ملازمین کے تبادلے 15 مئی سے 15 جون کے درمیان ہوں گے۔ اس سے قبل اس کی تمام کارروائی متعلقہ محکمے میں مکمل کی جائے گی۔

یوگی حکومت ریاست میں سیاحت کو فروغ دینے اور ثقافتی ورثے کو عالمی پلیٹ فارم پر پہچان دلانے کے لیے مسلسل کوششیں کر رہی ہے۔ اس سلسلے میں وزیر اعلی یوگی آدتیہ ناتھ نے لکھیم پور کھیری میں واقع دودھوا ٹائیگر ریزرو میں دودھوا مہوتسو منعقد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ دودھوا مہوتسو نومبر میں منعقد ہوگا۔ یہ ریاست کا پہلا رہائشی ثقافتی اور جنگلی حیاتیاتی میلہ ہے۔ تین روزہ مہوتسو-25 نہ صرف ریاست کے ثقافتی تنوع اور حیاتیاتی فراوانی کا جشن ہوگا بلکہ اس سے سیاحوں کو جنگل کی گود میں فطرت سے جڑنے اور تھارو ثقافت کو قریب سے جاننے کا موقع بھی ملے گا۔ اس کے علاوہ ملک کی نامور شخصیات پرفارمنس دیں گی۔

منگل کو وزیر اعلی یوگی آدتیہ ناتھ کی قیادت میں ہوئی کابینہ کی میٹنگ میں بولی کے عمل کے ذریعے 25 سال کے لیے 1600 میگاواٹ صلاحیت کے تھرمل پروجیکٹ سے کل 1500 میگاواٹ توانائی خریدنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اس منصوبے کے لیے بولی کے عمل میں سب سے کم ٹیرف ریٹ (5.38 روپے فی یونٹ) پیش کرنے والی نجی کمپنی کا انتخاب کیا گیا ہے۔ اس سے یوپی پاور کارپوریشن (UPPCL) کو 25 سالوں میں تقریباً 2958 کروڑ روپے کی بچت ہوگی۔ یوگی حکومت کی اس نئی پہل سے اتر پردیش کو 2030-31 سے انتہائی سستی شرح پر 1500 میگاواٹ بجلی ملنا شروع ہو جائے گی۔ یہ نیا منصوبہ موجودہ اور آنے والے تھرمل پراجیکٹس سے کہیں زیادہ کفایتی ہے۔ جب کہ جواہر پور، اوبرا، گھاٹم پور، پنکی جیسے پروجیکٹوں سے 6.6 سے 9 روپے فی یونٹ کی شرح سے بجلی دستیاب ہے، ڈی بی ایف او او کے تحت تجویز کردہ اس پروجیکٹ کے تحت، 2030-31 میں پلانٹ کے شروع ہونے کے بعد، صرف 6.10 روپے فی یونٹ کی شرح سے بجلی دستیاب ہوگی۔

### گجرات میں بارش نے کیا بے حال، 14 افراد جاں بحق

گاندھی (ایجنسی) گجرات میں آج اچانک ہوئی موسلادھار بارش نے لوگوں کے معمولات زندگی کو درہم برہم کر کے رکھ دیا۔ اس بارش نے نہ صرف 14 لوگوں کی جان لے لی، بلکہ 16 افراد زخمی بھی ہو گئے ہیں۔ ریاست کے الگ الگ مقامات پر ہوئیں ان اموات سے کئی کنبوں میں ماتم والا ماحول دیکھنے کو مل رہا ہے۔ بے موسم کی اس بارش نے 26 مویشیوں کی بھی جان لے لی ہے۔ ریاست میں موسم گرما کے درمیان اس بارش سے مانسون جیسے حالات دیکھنے کو مل رہے ہیں۔ ریاست کے 168 تعلقوں میں بارش نے اپنا خاطر خواہ اثر دکھایا ہے۔ 14 مہلوکین میں سے 3 کی موت بجلی گرنے سے ہوئی، جبکہ 4 افراد درخت گرنے سے دب کر ہلاک ہو گئے۔ علاوہ ازیں عمارت کا ایک حصہ گرنے سے 3، ہورڈنگز گرنے سے 2 اور بجلی کا کرنٹ لگنے سے 2 لوگوں کی موت ہوئی ہے۔ یہ 14 اموات گزشتہ 48 گھنٹوں کے درمیان ہوئی ہیں۔ محکمہ موسمیات کی پیشین گوئی کے مطابق آئندہ 3 دنوں تک بے موسم بارش کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ ریاست کے 75 فیصد سے زیادہ حصے میں شدید بارش کی پیشین گوئی کی گئی ہے۔ بارش کو دیکھتے ہوئے مختلف علاقوں میں یلو اور آرنج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

### مہاراشٹرا میں بلدیاتی انتخابات کرانے کا سپریم کورٹ کا حکم

نئی دہلی۔ (یو این آئی) سپریم کورٹ نے مہاراشٹرا میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کے لیے وقت مقرر کرتے ہوئے منگل کے روز ریاستی الیکشن کمیشن کو ہدایت دی کہ وہ چار ہفتوں کے اندر انتخابی اعلامیہ جاری کرے اور چار ماہ کے اندر تمام انتخابی عمل مکمل کرے۔ جسٹس سوریہ کانت اور جسٹس این کوٹیشور سنگھ کی بنچ نے یہ حکم جاری کیا۔ بنچ نے اس کے ساتھ ہی یہ بھی واضح کیا کہ مہاراشٹر کے بلدیاتی انتخابات میں دیگر پسماندہ طبقات (او بی سی) کے ریزرویشن کا معاملہ 2022 کی بنٹھیا کمیشن کی رپورٹ سے پہلے کی طرح ہی رہے گا۔ سپریم کورٹ نے کہا کہ بلدیاتی اداروں کے لیے وقتاً فوقتاً انتخابات کے ذریعے بنیادی سطح پر جمہوریت کے آئینی مینڈیٹ کا احترام کیا جانا چاہیے اور اسے یقینی بنایا جانا چاہیے۔ رپورٹ میں او بی سی کے لیے درست اعداد و شمار طے کرنے اور بلدیاتی انتخابات میں اس زمرے کے لیے 27 فیصد نشستیں مختص کرنے کے لیے مردم شماری کی سفارش کی گئی تھی۔



بنچ نے چار ماہ میں عمل مکمل کرنے کو کہا اور ریاستی انتخابی کمیشن (ایس ای سی) کو مناسب معاملات میں مزید وقت مانگنے کی آزادی دی۔ سپریم کورٹ نے یہ بھی کہا کہ مہاراشٹر کے بلدیاتی انتخابات کے نتائج اس کے سامنے زیر التوا درخواستوں کے فیصلوں کے تابع ہوں گے۔ بنچ نے سماعت کے دوران مہاراشٹر حکومت کی نمائندگی کرنے والے سالیسٹر جنرل تشار مہتا سے پوچھا، آپ نے پہلے ہی او بی سی کے کچھ طبقات کی شناخت کر لی ہے۔ درخواست گزاروں کے دلائل پر منفی اثر ڈالے بغیر اس قانون کے مطابق انتخابات کیوں نہیں کرائے جا سکتے؟" اس پر مسٹر مہتا نے اتفاق کیا کہ انتخابات کو نہیں روکنا چاہیے۔ بنچ نے کہا کہ مقدمات کی وجہ سے بیوروکریٹس تمام میونسپل کارپوریشنز اور پنچایتوں پر قبضہ کر رہے ہیں۔ وہ اہم پالیسی فیصلے لے رہے ہیں۔ صرف یہی نہیں، افسران کی کوئی جوابدہی نہیں ہے۔

# ذات پر مبنی مردم شماری، کھڑگے کا وزیر اعظم کو خط

## مردم شماری کے سوالنامہ کی تیاری، 50 فیصد حد ختم کرنے اور نجی اداروں میں ریزرویشن پر عمل کی تجاویز دی



نئی دہلی: کانگریس کے صدر ملکارجن کھڑگے نے ذات پر مبنی مردم شماری کے سلسلے میں وزیر اعظم نریندر مودی کو ایک خط لکھا ہے، جس میں انہوں نے اس عمل کو موثر، جامع اور آئینی انصاف کے تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے کے لیے تین تجاویز پیش کی ہیں۔ یہ خط ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب خود وزیر اعظم نے اعلان کیا ہے کہ آئندہ مردم شماری میں ذات کو ایک علیحدہ زمرے کے طور پر شامل کیا جائے گا۔ کھڑگے نے کہا کہ اگرچہ حکومت نے یہ فیصلہ کیا ہے لیکن اس کے خدوخال اور طریقہ کار کے بارے میں کوئی واضح تفصیلات اب تک سامنے نہیں آئی ہیں۔ کھڑگے نے کہا کہ کانگریس نے پہلے دن سے ذات پر مبنی مردم شماری کا مطالبہ کیا ہے اور وہ اسے سماجی انصاف کے لیے ایک اہم قدم مانتی ہے۔ انہوں نے یاد دلایا کہ 16 اپریل 2023 کو بھی انہوں نے وزیر اعظم کو اسی حوالے سے خط لکھا تھا، مگر اس کا کوئی جواب نہیں آیا۔ انہوں نے خط میں جو تین تجاویز پیش کیں، ان میں پہلی یہ ہے کہ مردم شماری کے سوالنامے کی تیاری میں سنجیدگی اختیار کی جائے اور وزارت داخلہ تلنگانہ ماڈل سے سیکھے، جہاں سوالات کی تیاری میں زمینی حقیقتوں کو مدِ نظر رکھا گیا۔ دوسری تجویز میں کھڑگے نے کہا کہ ذات پر مبنی مردم شماری کے بعد ریزرویشن کی موجودہ 50 فیصد حد پر نظرِ ثانی ناگزیر ہو جائے گی، کیونکہ یہ حد کئی طبقات کو ان کے آئینی حقوق سے محروم کرتی ہے۔ اس کے لیے آئین میں ترمیم کی ضرورت ہوگی۔ تیسری تجویز میں انہوں نے آئین کے آرٹیکل 15(5) کا حوالہ دیتے ہوئے زور دیا کہ نجی تعلیمی اداروں میں بھی ایس سی، ایس ٹی اور او بی سی کے لیے ریزرویشن کے قانون پر موثر عمل درآمد کیا جائے۔ انہوں نے بتایا کہ سپریم کورٹ اس شق کو 2014 میں برقرار رکھ چکی ہے، اس لیے اب اسے عملی جامہ پہنانا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ کھڑگے نے لکھا کہ اس عمل کو سماج میں تقسیم کے بجائے انصاف کے لیے ایک قدم کے طور پر دیکھا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے عوام ضرورت پڑنے پر ہمیشہ متحد ہوئے ہیں، جیسے حالیہ پہلگام حملے کے بعد دیکھا گیا۔ خط کے اختتام پر انہوں نے وزیر اعظم سے درخواست کی کہ وہ جلد از جلد تمام سیاسی جماعتوں کے ساتھ مل کر ذات پر مبنی مردم شماری کے عملی پہلوؤں پر گفتگو کا آغاز کریں، تا کہ یہ عمل صرف علامتی نہ ہو بلکہ نتیجہ خیز بھی ثابت ہو۔

# زمین حصولی کے نام پر کسانوں کی ہو رہی ہے ہراسانی: اکھلیش



لکھنؤ۔(یو این آئی) سماج وادی پارٹی (ایس پی) کے صدر اکھلیش یادو نے کہا کہ اتر پردیش کی یوگی حکومت زمین کے حصول کے نام پر غریب کسانوں کو پریشان کر رہی ہے۔ یادو نے منگل کو پارٹی دفتر میں منعقدہ ایک پریس کانفرنس میں کہا کہ بندیل کھنڈ انڈسٹریل ڈیولپمنٹ اتھارٹی (بی آئی ڈی اے) کے ذریعہ ہراساں کیے جانے کے شکار جھانسی اور بیبنا کے 33 گاؤں کے کسانوں نے آج ان سے ملاقات کر انصاف دلانے کی مانگ کی ہے۔ قانون ساز کونسل میں اپوزیشن لیڈر لال بہاری یادو کی قیادت میں ایس پی کا ایک وفد کسانوں کے مسائل کو لے کر جھانسی اور بیبنا گیا۔ وہیں ضلع مجسٹریٹ سے بات ہوئی اور جب ضلع مجسٹریٹ راضی ہو گئے تو مانا جا رہا تھا کہ حکومت اس معاملے کو پورا کرے گی لیکن افسر کے تبادلے کے بعد کسانوں کے مسائل جوں کے توں ہیں۔

انہوں نے کہا کہ سماج وادی پارٹی کسانوں کی جنگ لڑے گی۔ حکومت کسانوں کو زمین کی منڈی قیمت دے۔ کسانوں کو ان کی زمین کے بدلے بازار کی قیمت ملنی چاہیے۔ کسانوں پر کسی بھی رضامندی کے کاغذ پر دستخط کرنے کے لیے دباؤ نہیں ڈالا جانا چاہیے۔ یادو نے کہا کہ جب حصول اراضی کا قانون ہے تو کسانوں کو سرکل ریٹ بڑھا کر چار گنا معاوضہ دیا جانا چاہیے۔ جب حکومت نے خود ہی جھانسی-بیبنا میں کسانوں کو بے گھر کر دیا ہے۔ اگر حکومت نے کسانوں کو زمین دی لیکن کسانوں کے نام پر رجسٹرڈ نہیں کیا تو اس کی ذمہ داری حکومت پر عائد ہوتی ہے۔ تعمیراتی کام جاری ہے۔ زمین پر کام مسلسل جاری ہے۔ زمین سکڑ رہی ہے۔ کسانوں کو دھوکہ نہیں دینا چاہیے۔ سماج وادی پارٹی بندیل کھنڈ جھانسی، بیبنا کے کسانوں کی مدد کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ بیبنا کی طرح بی جے پی حکومت نے ایودھیا کے غریبوں اور کسانوں کی زمین چھین لی، اسے لوٹا اور اس سے منافع کمایا۔ اسی کا نتیجہ تھا کہ بھگوان شری رام نے ایودھیا کی سرزمین سے بی جے پی کو شکست دی اور پورے ملک میں بی جے پی کی فرقہ وارانہ سیاست کے خاتمے کا پیغام دیا تھا۔ ہم جھانسی اور بندیل کھنڈ کے کسانوں سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ بی جے پی کو ہرا کر سبق سکھائیں کیونکہ بی جے پی نے بندیل کھنڈ میں جھوٹ بولا ہے۔ بی جے پی حکومت نے بندیل کھنڈ میں میزائل، گولہ بارود اور توپیں بنانے کا وعدہ کیا تھا لیکن آج تک وہاں ایک سُتلی بم بھی نہیں بن پایا ہے۔

